20875-ذبح کرنے سے قبل قربانی کے جانور کا زخمی ہونا

سوال

میں نے عید سے کئی دن قبل دنبہ بالکل صحیح وتندرست خریدا، اور ذبح کرنے کے لیے سیڑھیوں سے نیچے اتارتے ہوئے اس کے پاؤں میں (ذبح سے تقریبا ایک گھنٹہ قبل) زخم ہوگیا توکیا قربانی میں یہ عیب شمار ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

زادالمستقنع کے مؤلف کا کہنا ہے :

(اگروہ (قربانی کا جانور) عیب دار ہوگئی اوراسے ذبح کردیا تواس کی قربانی ہوجائے گی ۔ ۔ ۔ ۔) ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں اس کی مثال یہ ہے کہ :

ایک شخص نے قربانی کا جانور خریدااوراس کی تعیین کے بعد پھراس کی ٹانگ ٹوٹ گئی اوروہ صحیح جانوروں کے ساتھ چلنے سے قاصر ہوگیا، تواس حالت میں وہ ذبح کرے تویہ قربانی ادا ہوجائے گی، اس لیے کہ جب اس کی تعیین کردی گئی تووہ اس کے پاس امانت ہوگئی جس طرح کہ کوئی چیزامانت رکھی جاتی ہے ، اورجب وہ امانت ہے اوریہ اس میں عیب بھی اس کے فعل سے پیدانہیں ہوایااس کی زیادتی سے نہیں تواس پر کوئی ضمان نہیں اوریہ قربانی اداہوجائے گی ۔